ضرب الامثال

نمبر	کہاوتیں	مطلب
۱	اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے	اپنے گھر میں کمزور بھی طاقتور ہوتا ہے
۲	الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے	اپنا قصور ہو اور دوسروں کو برا کہنا
۳	اونچی دکان پھیکا پکوان	نام بڑا لیکن کام کچھ نہیں
۴	اونٹ کے منہ میں زیرا	بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کو دینا
۵	اندھے کے آگے روئے اپنے نین کھوئے	نااہل کو نصیحت کرنے سے کوئی فائدہ نہیں
۶	اندھا کیا چاہے دو آنکھیں	ہر شخص اپنی خواہش اور ضرورت پوری کرنا چاہتا ہے
۷	ایک حمام میں سب ننگے	سب کا ایک ہی رنگ
۸	ایک لاٹھی سے سب کو ہانکنا	اچھے برے کی پہچان نہ کرنا
۹	ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا	بروں کو بروں کی صحبت ملنا
۱۰	ایک شیر مارتا ہے سو لومڑیاں کھاتی ہے	بہادر اپنی کمائی سے محتاجوں کا پیٹ بھرتے ہیں
۱۱	ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے	ایک کی وجہ سے پورے گروہ کی بدنامی ہوتی ہے
۱۲	ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی	لڑائی کی ذمہ داری صرف ایک پر نہیں ہوتی
۱۳	آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر	سب انسان ایک جیسے نہیں ہوتے
۱۴	آم کے آم گٹھلیوں کے دام	وہ کام جس میں فائدہ ہی فائدہ ہو

۱۵	آ بیل مجھے مار	خواہ مخواہ لڑائی مول لینا
۱۶	بخشو خالہ بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا	مجھے آپ کی عنایت نہیں چاہیے
۱۷	بلی کے خواب میں چھیچھڑے	ہر شخص اپنے ہی مطلب کی سوچتا ہے
۱۸	بوڑھی گھوڑی لال لگام	بڑھاپے میں جوانی کی آرائش
۱۹	بھاگتے بھوت کی لنگوٹی بھلی	کچھ بھی وصول ہو جانا اچھا ہوتا ہے
۲۰	بغل میں چھوری منہ میں رام رام	دوستی ظاہر کر کے دشمنی کرنا
۲۱	بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی	برا کام یا کمزوری ظاہر ہو کر ہی رہتی ہے
۲۲	پانچوں انگلیاں گھی میں اور سر کڑھائی میں	ہر طرح سے فائدہ ہی فائدہ
۲۳	پڑھیں فارسی بیچیں تیل	شریف ہو کر رذیلوں کے کام کرنا
۲۴	پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت	بہت زیادہ ضعیف ہونا
۲۵	جب تک سانس تب تک آس	امید مرتے دم تک رہتی ہے
۲۶	جان ہے تو جہان ہے	دنیا کا لطف زندگی کے ساتھ ہے
۲۷	جس کی لاٹھی اس کی بھیس	طاقتور کا ہر چیز پر قبضہ ہوتا ہے
۲۸	جتنا گڑ ڈالو اتنا میٹھا ہو گا	جتنی محنت کرو اتنا پھل پاؤ گے
۲۹	جان نہ پہچان خالہ جی کو سلام	مطلب پڑنے پر تعلق جتانا
۳۰	جادو جو سر پر چڑھ کر بولے	اصلیت خود بخود ظاہر ہوتی ہے

۳۱	جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں	شیخی بگھارنے والے کام نہیں کرتے
۳۲	چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات	دنیا کا عیش و آرام ناپائیدار ہے
۳۳	چمڑی جائے دمڑی نہ جائے	پیسہ نہ خرچ ہو سزا بھلے ہی بھگتنی پڑے
۳۴	چھوٹا منہ بڑی بات	رتبہ سے بڑھ کے بات کرنا
۳۵	چور چوری سے جاتا ہیرا پھیری سے نہیں	بری عادت نہیں جاتی
۳۶	چور کی داڑھی میں تنکا	چور اپنی حرکت سے پہچانا جاتا ہے
۳۷	حاتم کی قبر پر لات مارنا	کنجوس کا اتفاقاً خیرات کرنا
۳۸	خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے	خدا کی مہربانی کسی ذریعے کی محتاج نہیں ہے
۳۹	خربوزہ کو دیکھ کو خربوزہ رنگ پکڑتا ہے	صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے
۴۰	خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں	خدا خفیہ سزا دیتا ہے
۴۱	دریا میں رہ کر مگرمچھ سے بیر	جہاں رہے وہاں کے بڑوں سے دشمنی مول لینا
۴۲	دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا	بے ٹھکانہ آدمی کسی کام کا نہیں ہوتا
۴۳	دودھ کا جلا چھاچھ پھونک کر پیتا ہے	ایک چیز سے ڈرا ہوا اس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈرتا ہے
۴۴	ڈوبتے کو تنکے کا سہارا	مصیبت زدہ کے لئے تھوڑی سی مدد کافی
۴۵	دودھ کا دودھ پانی کا پانی	پورا پورا انصاف

۴۶	رسی جلی بل نہیں ٹوٹا	بربادی کے بعد بھی اپنی فطرت پر قائم رہنا
۴۷	زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو	جس کو سچ مان لے سب، وہی سچ ہے
۴۸	ساجھے کی ہانڈی چوراہے پر پھوٹتی ہے	شرکت کے کاموں میں جھگڑا ہوتا ہے
۴۹	سانپ کے منہ میں چھچھوندر، نگلے تو اندھا اگلے تو کوڑھی	ہر طرح نقصان ہی نقصان
۵۰	سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے	نقصان سے بچ کر کام کرنا
۵۱	سانچ کو آنچ نہیں	سچائی کو خطرہ نہیں
۵۲	ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا سوجھتا ہے	غریبی آنے پر امیری کے زمانے کی باتیں نہیں جاتی
۵۳	سوسنار کی ایک لوہار کی	کمزور کی کوشش زبردست کے آگے بے فائدہ ہے
۵۴	طوطی کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے	بڑی جگہ پر کم حیثیت شخص کو خاطر میں نہیں لایا جاتا
۵۵	طویلے کی بلا بندر کے سر	غریب پر سب کا زور چلتا ہے
۵۶	غریب کی جورو سب کی بھابھی	غریب پر ہر شخص حق جتاتا ہے
۵۷	فالودہ کھانے میں دانت ٹوٹے	بھلائی کرنے میں نقصان یا بدنامی کی پرواہ نہیں کرنا چاہئے
۵۸	قاضی جی دبلے کیوں شہر کے اندیشے سے	غیروں کے معاملے میں خواہ مخواہ کی فکر کرنا
۵۹	قہر درویش بر جان درویش	غریب کا غصہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے
۶۰	کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی	دھوکہ سے ہمیشہ کام نہیں چل سکتا

٦١	کوّا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھولا	حیثیت سے بڑھ کر کام کرنے میں اپنی عزت بھی چلی جاتی ہے
٦٢	لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے	کمینہ بغیر مار کھائے ٹھیک نہیں ہوتا
٦٣	ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ	سوال کچھ، جواب کچھ
٦٤	مان نہ مان میں تیرا مہمان	بلا وجہ کسی کام میں دخل دینا
٦٥	مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال	مفت کی چیز میں جائز ناجائز کوئی نہیں دیکھتا
٦٦	نادان کی دوستی جی کا جنجال	ناسمجھ کی دوستی نقصان پہنچاتی ہے
٦٧	ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی	غریب دل والا بھی ہو تو کیا کر سکتا ہے
٦٨	نیکی کر دریا میں ڈال	بھلائی کر کے بھول جانا
٦٩	ہاتھ کنگن کو آرسی کیا	تجربے کو ثبوت کی ضرورت نہیں

تیار کردہ:۔

آصف اقبال مظہر حسین سید

ضلع پریشد اردو اسکول کھارے پاٹن قاضی واڑہ

تعلقہ: کنکولی ، ضلع: سندھودرگ

8087495396

www.zppskharepatankazi.blogspot.com